نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام دو روزہ بین الاقوامی "پاکستان ایگری ایکسپو2022" کل سے شروع ہو گی۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور17 جون2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ محکمہ زراعت کے زیرِ اہتمام دو روزہ بین الاقوامی "پاکستان ایگری ایکسپو2022" کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس سے ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔ترجمان نے مزید کہا کہ اس نمائش میں پاکستانی پھلوں ،سبزیوں اوران سے بنی مصنوعات کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کیا جائے گا۔**پاکستان ایگری ایکسپو2022** کے لئے **18 جون** کو سٹالز ایکسپو سنٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے جائیں گے۔اس نمائش میں125 سٹالز لگائے جائیں گے اورامسال8 ممالک سے 150 ماہرین،ایکسپوٹرز و دیگر اسٹیک ہولڈرز اس نمائش میں شرکت کریں گے۔ اس نمائش میں ملکی برآمدات میں اضافہ اور زراعت کے شعبہ سے وابستہ امپورٹراورایکسپورٹرز کے لئے بزنس ٹو بزنس میٹنگز کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ اس نمائش سے قبل محکمہ زراعت ایسی سات نمائشوں کا انعقاد کروا چکا ہے جس میں مجموعی طور پر15 ممالک سے100 وفود نے شرکت کی اوران نمائشوں کے ذریعے پاکستانی برآمدات میں10.2 ملین ڈالرز کا اضافہ ہوا تھا۔ترجمان نے بتایا کہ پاکستان ایگری ایکسپو2022 کے انعقاد سے زرعی شعبہ سے وابستہ لوگوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کیا جا رہا ہے جو پاکستانی مصنوعات کو پوری دنیا میں متعارف کروانے کا ذریعہ بنے گا اور ہماری ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔یہ نمائش19 جون تک جاری رہے گی

☆☆☆☆